# 09-01-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ گورنر جشنو دیو ورما نے بھو بھارتی قانون کو اپنی منظوری دے دی۔ دھرانی پورٹل کی جگہ حال ہی میں یہ بل اسمبلی میں منظور کیا گیا تھا۔

۲۔ بھارت راشٹر سمیتی کے کارگزار صدر اور سابق وزیر کے ٹی راما راؤ نے آج ایٹی کرپشن بیورو کے عہدیداروں نے فارمولا ای ریس کیس معاملہ میں پوچھ تاچھ کی۔

۳۔ آندھرا پردیش کی حکومت نے کل تروپتی میں درشن کے ٹکٹوں کی تقسیم کے دوران پیش آئی بھگدڑ میں فوت ہونے والے افراد کے خاندانوں کو فی کس 25 لاکھ روپے معاوضہ کا اعلان کیا ہے۔

اور

۴۔ اس سال یوم جمہوریہ کی پریڈ دیکھنے کے لئے تقریباً 10 ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔

OO

گردوارہ صاحب سکندرآباد پربندھک کمیٹی دسویں اور آخری سکھ گرو اور خالصا پنت کے بانی گرو گوبند سنگھ کی 358 ویں یوم پیدائش کے موقع پر اتوار کو کلاسک گارڈن میں وشال دیوان کا اہتمام کریں گے۔ جی ایس ایس پربندھک کمیٹی کے صدر ایس بلدیو سنگھ بگا نے بتایا کہ وشال دیوان کے دوران سینکڑوں سکھ عقیدتمند اور دیگر عقائد سے تعلق رکھنے والے افراد جمع ہوں گے۔ اس موقع پر مشہور راگی جتھا گربانی کیرتن گائیں گے۔

OO

آندھرا پردیش کی حکومت نے کل تروپتی میں درشن کے ٹکٹوں کی تقسیم کے دوران پیش آئی بھگدڑ میں فوت ہونے والے افراد کے خاندانوں کو فی کس 25 لاکھ روپے معاوضہ کا اعلان کیا ہے۔ ریاستی وزیر مال اے ستیہ پرساد نے اپنے کابینی رفقاء وی انیتا، آنم رام نارائن ریڈی، این راما نائیڈو اور پارتھا سارتھی کے ہمراہ سویمس ہاسپٹل کا دورہ کیا۔ نارائنا وٹم تحصیلدار کی شکایت پر تروپتی ایسٹ پولیس اسٹیشن میں بی این ایس کی دفعہ 194 کے تحت ایک مقدمہ درج کیا گیا۔ کل رات تروپتی میں پیش آئی بھگدڑ میں 5 خواتین کے بشمول 6 یاتری ہلاک ہوگئے۔ یہ واقعہ اس وقت پیش آیا جب سینکڑوں عقیدتمند ترو ملا مندر میں خصوصی درشن کے ٹکٹ حاصل کرنے کے لئے کاؤنٹرس کی طرف لپکے۔ وزیر داخلہ انیتا نے اعلان کیا کہ پولیس یہ پتہ لگانے کی کوشش کر رہی ہے کہ آیا یہ بھگدڑ ایک حادثہ تھی یا اس کے پیچھے کوئی سازش ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس المیہ کے لئے ذمہ داری پائے جانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ چیف منسٹر چندرا بابو نائیڈو آج تروپتی پہنچے اور مہلوکین کے خاندانوں کو پرسہ دیا۔ انہوں نے دواخانہ کا بھی دورہ کیا اور زیر علاج یاتریوں سے ملاقات کی۔

OO

چیف منسٹر ریونت ریڈی نے سماجی مصلح فاطمہ شیخ کو آج ان کے یوم پیدائش کے موقع پر خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے مظلوم اور محروم طبقات کو اونچا اٹھانے کے لئے فاطمہ شیخ کی کوششوں کا ذکر کیا۔ چیف منسٹر نے کہا کہ سماجی عدم مساوات کے خلاف فاطمہ شیخ نے ساوتری بائی پھولے کی ساتھی کے طور پر اہم رول ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ فاطمہ شیخ کو جدید بھارت کی پہلی مسلم خاتون ٹیچر ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔

○○

نظام آباد کے کلکٹر راجیو گاندھی ہنومنتو نے کہا ہے کہ والدین اور اسکولوں کے حکام کو چاہئے کہ وہ بچوں کو لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرنے کے نتائج سے واقف کروائیں اور انہیں ٹرافک کے قوانین سمجھائیں۔ نظام آباد ضلع ہیڈ کوارٹر پر نیشنل روڈ سیفٹی مہینہ کے حصہ کے طور پر کلکٹر نے ایک بائیک ریالی کو جھنڈی دکھائی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سڑک حادثات کی روک تھام ہر ایک کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے عوام پر زور دیا کہ وہ احتیاطی تدابیر اختیار کریں اور ریاست کو حادثات سے پاک بنائیں۔

○○

اس دوران انفوسمنٹ ڈائرکٹوریٹ نے سینئر آئی اے ایس عہدیدار اور ایچ ایم ڈی اے کے سابق کمشنر اروند کمار سے اپنے دفتر پر پوچھ تاچھ کی۔ فارمولا ای ریس معاملہ میں مبینہ بے قاعدگیوں کی تحقیقات کے سلسلہ میں ای ڈی نے اروند کمار کو پوچھ تاچھ کے لئے طلب کیا۔ اروند کمار آج صبح ای ڈی کے دفتر پہنچے۔ ای ڈی نے کل حیدرآباد میٹروپولیٹن ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے سابق چیف انجینئر بی ایل این ریڈی سے پوچھ تاچھ کی تھی۔ اینٹی کرپشن بیورو کی جانب سے درج کی گئی ایف آئی آر میں بی ایل این ریڈی تیسرے ملزم ہیں۔ انہوں نے پوچھ تاچھ کے دوران ای ڈی کو بتایا کہ انہوں نے صرف اپنے سینئر اروند کمار کے احکام پر عمل کیا۔

○○

ڈپٹی چیف منسٹر ملو بھٹی وکرامارکا نے کہا ہے کہ کانگریس حکومت نے کسانوں کی بہبود کو ترجیح دی ہے۔ انہوں نے آج وزیر اکسائز جو پلی کرشنا راؤ اور مقامی رکن اسمبلی میگھا ریڈی کے ساتھ مل کر ونپرتی ضلع کے ریولی منڈل کے تل پنور میں ایک نئے برقی سب اسٹیشن کا افتتاح کیا۔ انہوں نے کہا کہ دیہاتوں کو مسلسل برقی سربراہ کرنے کے لئے سب اسٹیشن قائم کئے جارہے ہیں۔

○○

آندھراپردیش کے تروپتی میں بھگدڑ کے چند گھنٹوں بعد تلنگانہ کی وزیر انڈومنٹ کونڈا سریکھا نے محکمہ کے عہدیداروں کو ہدایت دی کہ وہ سنکرانتی کی تعطیلات کے دوران مندروں میں عقیدتمندوں کی کثیر تعداد کے جمع ہونے کے امکان کے پیش نظر تمام احتیاطی تدابیر اختیار کریں۔ انہوں نے پرنسپل سکریٹری شیلجا رامیار کو ہدایت دی کہ وہ مشہور مندروں میں صورتحال کا مسلسل جائزہ لیں اور ضروری اقدامات کریں۔ کونڈا سریکھا نے تروپتی میں بھگدڑ کے دوران 6 افراد کے فوت ہونے پر اپنے رنج کا اظہار کیا اور مہلوکین کے خاندانوں کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا۔

○○

بھارت راشٹر سمیتی کے کارگزار صدر اور سابق وزیر کے ٹی راما راؤ نے آج اینٹی کرپشن بیورو کے عہدیداروں نے فارمولا ای ریس کیس معاملہ میں پوچھ تاچھ کی۔ یہ پوچھ تاچھ 7 گھنٹے جاری رہی۔ کے ٹی آر صبح قریب 10 بجے بنجارہ ہلز میں واقع اے سی بی کے دفتر پہنچے۔ ان کے ہمراہ ان کے وکیل اور شخصی معاون موجود تھے۔ فارمولا ای ریس معاملہ میں مبینہ مالی بے قاعدگیوں کے سلسلہ میں اے سی بی نے ان سے پوچھ تاچھ کی۔ اے سی بی کے دفتر پہنچنے سے قبل میڈیا نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ چاہے ان کے خلاف کتنے ہی مقدمات کیوں نہ درج کئے جائیں وہ ان مقدمات کا سامنا کرنے اور تمام سوالات کا جواب دینے تیار ہیں۔ اس دوران بی آر ایس کے سینئر لیڈروں نے چوکسی اختیار کر لی اور پارٹی ہیڈ کوارٹر تلنگانہ بھون سے صورتحال کا جائزہ لیا۔

○○

تلنگانہ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن نے تلنگانہ میں سنکرانتی کی تعطیلات سے قبل آر ٹی سی بسوں کے کرائیوں میں اضافہ کیا ہے۔آر ٹی سی کی چند بسوں کی ٹکٹوں کی شرح میں دیڑھ فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے۔ یہ کرائے 10، 11، 12، 19 اور 20 جنوری کو لاگو ہوں گے۔ ٹی جی ایس آر ٹی سی سنکرانتی کے دوران مسافرین کے ہجوم کے پیش نظر 6432 خصوصی بسیں چلائیں گی۔

○○

اس سال یوم جمہوریہ کی پریڈ دیکھنے کے لئے تقریباً 10 ہزار خصوصی مہمانوں کو مدعو کیا گیا ہے۔ان میں سرپنچ، ڈیزاسٹر ریلیف ورکرس، بہترین کارکردگی دکھانے والے واٹر واریرز، ہینڈلوم اور ہینڈی کرافٹ کے فنکار، من کی بات میں شرکت کرنے والے، مائی بھارت والینٹرس، اسپورٹس کی شخصیتیں، شمال مشرقی ریاستوں کے مہمان اور بہترین اسٹارٹ اَپس شامل ہیں۔وزارتِ دفاع نے بتایا کہ ان میں سے چند مدعو مہمان اپنی مدد آپ گروپوں کے ذریعہ نمایاں خدمات انجام دے رہے ہیں۔

○○

گورنر جشنو دیو ورما نے بھو بھارتی قانون کو اپنی منظوری دے دی۔ دھرانی پورٹل کی جگہ حال ہی میں یہ بل اسمبلی میں منظور کیا گیا تھا۔اس موقع پر وزیر مال پی سرینواس ریڈی نے کہا کہ اراضی سے متعلق مسائل کے مستقل حل کے لئے اور تلنگانہ کے عوام کو موثر ریونیو خدمات فراہم کرنے کے لئے بھو بھارتی قانون لایا گیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اس قانون سے متعلق رہنما اصول مرتب کرنے کے کام پر خصوصی توجہ دی جائے گی اور جتنی جلد ممکن ہوسکے اس قانون پر عمل آوری کی جائے گی۔

○○

سرکردہ براڈ کاسٹر اور معروف شاعر اسلم فرشوری کا آج انتقال ہوگیا۔ وہ تھیٹر اور فلم اداکار بھی تھے۔ان کے ارکان خاندان نے بتایا کہ وہ 76 سال کے تھے۔انہوں نے آل انڈیا ریڈیو میں جز وقتی اناونسر کی حیثیت سے اپنے کیریئر کا آغاز کیا۔اشہر فرحان نے بتایا کہ اسلم فرشوری تلنگانہ احتجاج میں سرگرم تھے۔انہوں نے زندہ دلانِ حیدرآباد نامی ادارہ کی بنیاد ڈالی۔انہوں نے فائن آرٹس اکیڈیمی کے سکریٹری کی حیثیت سے خدمات انجام دیں۔انہوں نے آل انڈیا ریڈیو میں پروڈیوسر اور پروگرام ایگزیکٹیو کی حیثیت سے بھی خدمات انجام دیں۔نماز جنازہ آج بعد نماز عشاء مسجد فاطمہ سن سٹی میں ادا کی جائے گی اور تدفین قبرستان احاطہ درگاہ حضرات یوسفینؒ میں عمل میں آئے گی۔

○○